# 10 پیٹرن سے کھیلنا

4311CH10


## ہمارے اطراف میں پیٹرن

ہم روز کئی طرح کے بہت سے پیٹرن دیکھتے ہیں۔


مثال کے طور پر۔

کانٹے دار تار





کھڑکی کی جالی




سانپ

اپنے چاروں طرف دیکھیے اور ایسی تین چیزوں کے نام لکھیے جن میں آپ کو کچھ پیٹرن نظر آتے ہوں۔

کچھ ایسے پیٹرن بنائیے جسے آپ اپنے چاروں طرف پاتے ہیں۔

© NCERT not to be republished






انھوں نے بلاک کو بار بار استعمال کر کے یہ ڈیزائن بنائے ہیں۔ ایک دن مجھے ایک بلاک ملا اور میں نے ایک خوبصورت ڈیزائن بنا ڈالا۔




آپ ذرا غور سے دیکھیں گے تو پتہ چلے گا کہ یہ ڈیزائن ایک ہی بلاک کو الگ الگ طریقے سے استعمال کر کے بنائے گئے ہیں۔


جس طریقے سے ہر بلاک کو دہرایا گیا ہے کیا آپ اس میں کوئی پیٹرن دیکھ رہے ہیں؟

© NCERT not to be republished


# تصویروں کے پیٹرن









## مشق کا وقت

- نیچے کچھ پیٹرن دیئے گئے ہیں۔


ہر پیٹرن کا اصول معلوم کیجیے اور پیٹرن کو پورا کیجیے۔


(A) 

(B)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | A | B | A | A | B | | | |


(C) 


(D) 


(E) 

(F) صبح، دوپہر، شام، رات، صبح ________ .........

## بڑھتے ہوئے پیٹرن










کیا آپ اس میں کوئی اصول تلاش کر کے پیٹرن کو آگے بڑھا سکتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

انہیں بھی آگے بڑھایئے۔



## اپنے پیٹرن

- یہاں خالی جگہ دی گئی ہے اس میں آپ اپنے پیٹرن بنایئے۔

1.

2.

3.

4.

- اپنے دوستوں سے کہیے کہ وہ آپ کے بنائے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھائیں۔

© NCERT not to be republished

## عددی پیٹرن

- ہم نے تصویروں سے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔ہم اعداد سے پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں۔جیسے

21,41,61,81,101,......

اگلا عدد تو آپ کو پتہ ہے نا؟

یہ ایک بڑھتا ہوا پیٹرن ہے۔یہ آگے اور آگے بڑھتا جائے گا۔

21,41,61,81,101,.121,141,161,.....

A. اصول تلاش کرو اور ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھاؤ۔

(a) 51, 56, 61, 66, ____, ____.......

(b) 7, ____ 21, 28, 35, ____, ____.......

(c) 2, 4, 8, 16, 32, ____, ____, ____

(d) 12A, 13B, 14C, ____, ____

B. ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو دیکھیے۔معلوم کیجیے کہ ہر عدد میں کیا جمع کریں کہ اگلا عدد حاصل ہو جائے؟

(a) 1, 3, 6, 10, ____, ____, ____, ____

(b) 0, 2, 6, 12, ____, ____, ____, ____

(c) 1, 3, 7, 13, ____, ____, ____, ____

(d) 2, 3, 6, 11, 18, ____, ____, ____, ____

یہ سبق بچوں کو اپنے آس پاس پیٹرن ڈھونڈنے اور انہیں سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ان کو دہرائے جانے والے بڑھتے ہوئے پیٹرن کی اور بھی مثالیں دی جاسکتی ہیں۔انہیں 'خفیہ' یا ان اکائیوں کو پہچاننا ہے جن سے یہ پیٹرن بنے ہیں۔خفیہ پیغام یا کوڈ بنانا بھی پیٹرن کی پہچان کرنے میں مدد کرتا ہے۔جیسے جیسے بچوں کی الجبرے کی سمجھ میں اضافہ ہوتا ہے انہیں احساس ہوگا کہ لڑکا/لڑکی کے اصول سے تیار ہونے والا پیٹرن AAB یا ↓↑↑ الگ نہیں ہے۔کچھ دلچسپ اور اہم عددی پیٹرن بھی دیے گئے ہیں جن کا تعلق ریاضیاتی عملیات سے ہے۔



© NCERT not to be republished

## خفیہ پیغامات

امریتا اور پریتوش ایک دوسرے کو خفیہ پیغام لکھ رہے ہیں۔







کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں نیچے دو اور خفیہ پیغامات ہیں۔ پیٹرن کو دیکھیے اور خفیہ پیغام معلوم کیجیے۔

1 I 2 L 3 O 4 V 5 E 6 Y 7 O 8 U

ATBHCIDS EBFOGOHK IIJS KFLUMN

اب آپ بھی اپنے خفیہ پیغام لکھیے۔

© NCERT not to be republished

## جفت اور طاق اعداد کے پیٹرن۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |

© NCERT not to be republished

ان اعداد میں آدھے اعداد پیلے رنگ کے خانوں میں ہیں۔ان اعداد میں آپ کو کیا پیٹرن نظر آرہے ہیں؟

اسی پیٹرن کو آگے بڑھایئے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

96,98,___,102,___,___,___,___,___

آپ اس پیٹرن کو کتنا آگے تک بڑھا سکتے ہیں؟

ان اعداد کا ایک خاص نام ہے۔ان کو جفت اعداد کہتے ہیں۔

کیا ان جفت اعداد میں سے کوئی بھی عدد 3 یا 5 پر ختم ہو رہا ہے۔

جفت اعداد کن اعداد پر ختم ہوتے ہیں۔

نیلے، رنگ کے اعداد کے پیٹرن کو دیکھیے۔ پیٹرن کو آگے بڑھایئے اور خالی جگہوں کو بھریئے۔

99,101,___,105,107,___,___,___

نیلے رنگ والے اعداد کن اعداد پر ختم ہو رہے ہیں۔

وہ تمام اعداد جو 1, 3, 5, 7 یا 9 پر ختم ہوتے ہیں طاق اعداد کہلاتے ہیں۔

400 اور 410 کے درمیان کے تمام طاق اعداد لکھیے۔

______________________________

155 اور 165 کے درمیان کے تمام جفت اعداد لکھیے۔

______________________________

اگر ہم کسی طاق عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ______________

اگر ہم کسی جفت عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ______________

کسی طاق عدد میں جب آپ ایک جفت عدد جوڑیں گے تو آپ کو کیا ملے گا؟

## نام ترتیب میں

عادل کو نیچے دی گئی فہرست کو اس طرح ترتیب دینی ہے کہ الف سے شروع ہونے والے نام سب سے پہلے آئیں پھر ب، س، ش وغیرہ کے آئیں۔ جو نام سب سے پہلے آئے گا اس کے سامنے الف لکھیں گے۔ اسی ترتیب سے سبھی کے نام لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شاردا | مہادیون | سیرنگ | عادل | |
| گریندر | بائی چنگ | ہرشا | راجہ | |
| نارائن | کویتا | ورشا | ایلویس | جلج |

جلج کو اپنے خاص نام پر فخر ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ میرا نام اگر الٹا بھی پڑھا جائے تو یہ میرا نام ہی پڑھا جائے گا۔

درج ذیل ناموں میں کن ناموں کے پیٹرن ایسے ہیں؟ (✓) کا نشان لگائیے۔

ہرش، انا، کنک، منّا، اونگی۔



© NCERT not to be republished